## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND JUSTICE ON THE CONSTITUTION (AMENDMENT) BILL, 2024

I, the Chairman of Standing Committee on Law and Justice, have the honour to present this report on the Bill further to amend the **Constitution of Islamic Republic of Pakistan, 1973[the Constitution (Amendment) Bill, 2024**] (Article 184) (Private Member Bill) referred to the Committee on 03rd September, 2024.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Ch. Mahmood Bashir Virk** | **Chairman** |
| 2. | Rana Muhammad Qasim Noon | Member |
| 3. | Mr. Muhammad Mueen Wattoo | Member |
| 4. | Mr. Muhammad Raza Hayat Harraj | Member |
| 5. | Ms. Bilal Azhar Kayani | Member |
| 6. | Ms. Kiran Haider | Member |
| 7. | Ms. Zahra Wadood Fatemi | Member |
| 8. | Syed Ali Qasim Gillani | Member |
| 9. | Syed Naveed Qamar | Member |
| 10. | Dr. Nafisa Shah | Member |
| 11. | Syed Abrar Ali Shah | Member |
| 12. | Syed Hafeezuddin | Member |
| 13. | Mr. Hassaan Sabir | Member |
| 14. | Mr. Gohar Ali Khan | Member |
| 15. | Sardar Muhammad Latif Khan Khosa | Member |
| 16. | Mr. Ali Muhammad Khan | Member |
| 17. | Mr. Umair Khan Niazi | Member |
| 18. | Mr. Changaze Ahmad Khan | Member |
| 19. | Mr. Sohail Sultan | Member |
| 20. | Ms. Aliya Kamran | Member |
| 21. | Minister for Law and Justice | Ex-officio Member |

**3.** The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annex-A, in its meetings held on 27th September, 12th November and 21st November 2024. After detailed deliberations the mover preferred to withdraw the Bill hence, committee recommended that the Bill, may not be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**TAHIR HUSSAIN**
Secretary
Islamabad, the 12th December 2024

**Sd/-**
**(Ch. Mahmood Bashir Virk)**
Chairman

ANNEX-'A'

# AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE

A

BILL

further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan

WHEREAS it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:

1. **Short title and commencement.**– (1) This Bill may be called the Constitution (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Article 184 of the Constitution.**- In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, in Article 184,-

(a) in clause (3), after the words "Supreme Court" the words "Bench consisting of not less than nine Judges" shall be inserted; and

(b) after clause (3), the following new clauses shall be added, namely:-

"(4) Any person aggrieved by an order passed by the Supreme Court under clause (3) may, within thirty days of the passing of such order, prefer an appeal to the Supreme Court.

(5) An appeal preferred under clause (4) shall be heard by a Bench larger than the Bench which had passed the order under appeal.".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Clause (3) of Article 184 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan empowers the Supreme Court to make an order involving question of public importance with reference to enforcement of Fundamental Rights. At present orders involving matters of such public importance are made by the Supreme Court Benches consisting of two or three Judges. Keeping in view the importance of this jurisdiction of the Supreme Court, it is proposed that such orders should be made by a larger Bench of the Supreme Court consisting of not less than nine Judges.

Moreover, there is no provision for appeal against an order of the Supreme Court in exercise of its original jurisdiction under clause (3) of Article 184 of the Constitution. Since such an order invokes a question of public importance with reference to enforcement of Fundamental Rights conferred by Chapter I of Part II, an aggrieved party should have right to fair-trial and due process conferred by Article 10A of the Constitution. The proposed amendment provides for an appeal within thirty days of an order of the Supreme Court under clause (3) of Article 184, to be heard by a Bench larger than the Bench which had passed the order under appeal.

The Bill seeks to achieve the aforesaid objectives.

**Sd/-**
**MR.NOOR ALAM KHAN,**
Member, National Assembly.

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف ۳/ستمبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرٹیکل ۱۸۴) (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **چوہدری محمود بشیر ورک** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | رانا محمد قاسم نون | رکن |
| ۳۔ | جناب محمد معین وٹو | رکن |
| ۴۔ | جناب محمد رضا حیات ہیراج | رکن |
| ۵۔ | جناب بلال اظہر کیانی | رکن |
| ۶۔ | محترمہ کرن حیدر | رکن |
| ۷۔ | محترمہ زہرہ ودود فاطمی | رکن |
| ۸۔ | سید علی قاسم گیلانی | رکن |
| ۹۔ | سید نوید قمر | رکن |
| ۱۰۔ | ڈاکٹر نفیسہ شاہ | رکن |
| ۱۱۔ | سید ابرار علی شاہ | رکن |
| ۱۲۔ | سید حفیظ الدین | رکن |
| ۱۳۔ | جناب حسان صابر | رکن |
| ۱۴۔ | جناب گوہر علی خان | رکن |
| ۱۵۔ | سردار محمد لطیف خان کھوسہ | رکن |
| ۱۶۔ | جناب علی محمد خان | رکن |
| ۱۷۔ | جناب عمیر خان نیازی | رکن |
| ۱۸۔ | جناب چنگیز احمد خان | رکن |
| ۱۹۔ | جناب سہیل سلطان | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ عالیہ کامران | رکن |
| ۲۱۔ | وزیر برائے قانون وانصاف | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۷ ستمبر، ۱۲ نومبر اور ۲۱ نومبر، ۲۰۲۴ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں بل لف بطور منسلکہ الف پر غور کیا۔ مفصل غور وخوض کے بعد، محرک بل نے بل کو واپس لینے کی درخواست کی لہذا کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی بل کو منظور نہ کرے۔

دستخط/۔

**(طاہر حسین)**

سیکرٹری

اسلام آباد ۱۲ دسمبر، ۲۰۲۴ء

دستخط/۔

**(چوہدری محمود بشیر ورک)**

چیئرمین

"منسلکہ - الف"

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۸۴ کی ترمیم:۔** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں، آرٹیکل ۱۸۴ میں،۔

(الف) شق (۳) میں، الفاظ "عدالت عظمیٰ" کے بعد الفاظ "پنج جو نو ججوں سے کم پر مشتمل نہ ہو" شامل کر دیئے جائیں گے؛ نیز

(ب) شق (۳) کے بعد حسب ذیل نئی شقات کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۴) شق (۳) کے تحت عدالت عظمیٰ کی جانب سے جاری کئے گئے حکم سے متاثرہ کوئی شخص، ایسا حکم جاری کئے جانے کے تیس دن کے اندر عدالت عظمیٰ میں اپیل دائر کر سکتا ہے۔

(۵) شق (۴) کے تحت دائر کردہ اپیل کی سماعت اس بنچ سے بڑا بنچ کرے گا جس نے اپیل کے تحت حکم صادر کیا تھا۔"۔

## بیان اغراض و وجوہ

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۸۴ کی شق (۳) عدالت عظمیٰ کو بنیادی حقوق کے نفاذ کی بابت عوامی اہمیت کے سوال پر حکمنامہ جاری کرنے کا اختیار دیتی ہے۔ اس وقت مذکورہ عوامی اہمیت کے معاملات پر ۲ یا ۳ ججوں پر مشتمل عدالت عظمیٰ کے بنچوں کی جانب سے حکمنامے جاری کئے جاتے ہیں۔ عدالت عظمیٰ کے اس دائرہ اختیار کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تجویز کیا گیا ہے کہ مذکورہ حکمنامے عدالت عظمیٰ کے لارجر بنچ جو ۹ ججوں سے کم پر مشتمل نہیں ہو، کی جانب سے جاری کئے جائیں۔

مزید برآں، دستور کے آرٹیکل ۱۸۴ کی شق (۳) کے تحت عدالت عظمیٰ کے کسی حکم کے خلاف اس کے اصل دائرہ اختیار کو بروئے کار لاتے ہوئے اپیل کے لئے کوئی تصریح نہیں ہے۔ چونکہ ایسا حکم حصہ دوم کے باب اول کے تحت مفوضہ بنیادی حقوق کے نفاذ کے حوالہ سے عوامی اہمیت کے سوال سے متعلق ہوتا ہے، کسی متاثرہ فریق کو آرٹیکل ۱۰ ا الف کے تحت مفوضہ منصفانہ سماعت اور مقررہ عمل کا حق حاصل ہے۔ مجوزہ ترمیم صراحت کرتی ہے کہ آرٹیکل ۱۸۴ کی شق (۳) کے تحت عدالت عظمیٰ کے حکم کے خلاف تیس دنوں کے اندر دائرہ کردہ اپیل کی سماعت اس بنچ سے بڑا بنچ کرے گا جس نے اپیل کے تحت حکم صادر کیا تھا۔

اس بل کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/۔

نور عالم خان

رکن، قومی اسمبلی۔